# مطبوعات

**اسوۂ حسنہ** | مؤلف: محمد شریف قاضی ۔ ناشر: مکہ بکس ۔ ۵ بخشی اسٹریٹ، بیرون موری دروازہ لاہور ۔ صفحات: ۵۲۸ قیمت -/۴۵ روپے

انسان کی ہدایت اور اخروی کامیابی کا انحصار دو بنیادی باتوں پر ہے، ایک خدا کا صحیح تصور اور اس سے صحیح تعلق، دوسرے رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور آپؐ کے دینی و شرعی مقام کا صحیح تصور اور اس کے مطابق صحیح عملی رویّہ!

حضورؐ کو خدا نے اپنے پیغام وحی کو پہنچانے اور پھیلانے کا ذریعہ بنانے کے علاوہ یہ منصب بھی عطا کیا کہ آپؐ اس پیغام کی قولی تشریح کے علاوہ اس کی عملی صورت بھی دُنیا کے سامنے پیش کریں، نیز جو لوگ ایمان لائیں اُن کے لیے معلّم، مربّی اور مزکّی ہوں، اور قیامت تک کے مسلمانوں کے لیے اسوہ اور نمونہ و معیار!

حضورؐ نے خدا کے دین کی دعوت دے کر اُسے قبول کرنے والوں پر مشتمل ایک جماعت بنائی، اس جماعت کو تربیت دی، اس کے ذریعے اصلاح تہذیب و ریاست کی ایک تحریک چلائی اور پھر خود ایک ریاست کا نظام چلا کر دکھا دیا کہ خدا تعالیٰ کیسا اجتماعی نظام انسانوں کے لیے پسند کرتا ہے۔

سیرت نگاروں کا کیا ہوا وسیع کام مجموعی طور پر حضورؐ کے پیغام اور منصب اور اُسوہ کو اُجاگر کرتا ہے۔ مگر سیرت نگاری صرف یہ نہیں کہ واقعات و احوال کو ترتیب سے بیان کر دیا جائے؟ بلکہ حضورؐ کے منصب کا صحیح تصور دلانا بھی حضورؐ کے سیرت نگار کی ذمہ داری ہے۔ امن و عدل کا ایسا شاندار دَور کوئی دوسری قوم پیدا نہ کر سکی۔

خوشی کی بات یہ ہے کہ "اسوۂ حسنہ" اسی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے۔ اس میں واقعات و احوال

کے ساتھ ساتھ دینی احکام اور شرعی کاررو ائیوں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔ بطورِ خاص ہر بحث میں قرآن سے استدلال کیا گیا ہے۔

خدا کا شکر ہے کہ عیسائیوں نے جس غلو سے کام لیا تھا اور جس کے اثرات مسلمانوں میں بھی پھیلے ہیں، اس سے یہ کتاب محفوظ ہے۔ اس دور کا ایک فتنہ نبوت محمدیہ کے بارے میں غلو ہے۔ خدا اس فتنے سے اُمت کو مامون رکھے۔

---

**قاموس الاقبال (۲ جلد)** مرتب: جناب پروفیسر عبدالجبار شاکر۔ ایم۔اے۔ ایل۔ایل۔بی

ناشر: بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن۔

اقبال کے متعلق شائع شدہ تمام کتب، خاص نمبروں اور مقالات وغیرہ کی پوری فہرست جناب عبدالجبار شاکر نے مرتب کر کے اہلِ علم و تحقیق پر خصوصاً اور اساتذہ و طلبہ پر عموماً بہت احسان کیا ہے۔ پروفیسر خواجہ غلام صادق کے یہ الفاظ حقیقت کے آئینہ دار ہیں کہ:

"جناب عبدالجبار شاکر صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے بہت مختصر عرصے میں اقبالیات پر مشتمل مکمل ترین کتابیات ترتیب دی ہے اور یوں اقبال سکالرز کے لیے تحقیق کے نئے عنوانات کی راہ ہموار کی ہے" (جلد ۲)

"یہ اقبالیات پر جدید ترین اور مفید مجموعۂ کتابیات ہے"۔ (جلد ۱)

قاموس میں بعض ایسی کتب اور رسائل کے مندرجات کی نشاندہی ہے جو عام نگاہوں سے بالکل اوجھل ہیں۔ شاکر صاحب نے متعدد نایاب چیزوں تک رسائی حاصل کر لی ہے۔

---

**الحسنات۔ نماز نمبر** | مدیرہ صابرہ قرنی - قیمت نماز نمبر ۸ روپے۔ چندہ سالانہ الحسنات ۴۰/- روپے

پتہ: C/۱۹ منصورہ۔ ملتان روڈ۔ لاہور

صابرہ قرنی صاحبہ کئی سال سے الحسنات کے ذریعے خواتین، طلبہ، بچوں اور کم خواندہ لوگوں تک

اسلامی تعلیمات پہنچا رہے ہیں - نماز نمبر اسلام کی اہم بنیادی عبادت سے متعلق ہے - اس نمبر میں ٹھوس معلومات بھی ہیں اور لطیف نگارشات بھی - زبان سادہ اور آسان ہے - یہ نمبر ڈائجسٹ سائز پر نکالا گیا ہے - نماز کی افادیت کو صحت اور عقل کے نقطۂ نظر سے بھی واضح کیا گیا ہے - کلماتِ نماز، مسائلِ نماز، طریقِ ادائیگی اور خشوع و خضوع کے متعلق بہت سی مفید باتیں اس نمبر میں جمع ہیں -

دھیمی رفتار سے چلتی ہوئی تحریک نماز کو اس طرح کے خاص نمبروں اور ایسی کتابوں سے تقویت مل سکتی ہے -

---

**ہمارے فرائض اور ہمارے حقوق** مؤلف: حافظ نذر احمد - پرنسپل شبلی کالج لاہور - ناشر: اسلامی اکادمی اُردو بازار، لاہور - مسلم اکادمی، محمد نگر، لاہور - صفحات: ۳۳۶ - خوبصورت جلد - قیمت: ۳۳/- روپے

ہر حق سے ایک فرض پیدا ہوتا ہے اور ہر فرض کے مقابلے میں کوئی نہ کوئی حق ہوتا ہے - حقوق و فرائض کے صحیح توازن ہی سے اسلامی زندگی تشکیل پاتی ہے - آج ہر طبقہ اور ہر فرد اپنے حقوق کا طلب گار نظر آتا ہے، مگر کسی کو اپنے فرائض کی طرف توجہ نہیں ہے - اسلام میں فرائض اوّلیت رکھتے ہیں - یعنی اپنا فرض تو بہر حال آپ کو پورا کرنا ہے، اس کے ساتھ اپنا حق حاصل کرنے کی بھی تگ و دو کیجیے، لیکن اگر حق نہ بھی ملے تو بھی فرض ادا کرنا ضروری ہے -

پورا اسلام نام ہی حقوق و فرائض کی تقسیم کا ہے - اس حقیقت کی وضاحت اس کتاب سے ہوتی ہے مؤلف نے زندگی کے ہر شعبے اور ہر منصب کے متعلق حقوق و فرائض کو کتاب و سنّت کے دلائل سے واضح کیا ہے - خدا، رسولؐ اور قرآن کے علاوہ علماء، اہل کتاب، سائل، میت، ماں باپ، اولاد، زوجین، استاد شاگرد، مقرر اور خطیب، بیمار اور تیمار دار اور تاجر و گاہک، حتیٰ کہ جانوروں تک کے حقوق بیان کیے گئے ہیں - ساتھ ہی اہل فرض کے فرائض بھی - ریاست اور قیادت اور ووٹر کے حقوق و فرائض بیان کر کے مرتب نے اس کتاب میں اہم اوراق کا اضافہ کیا ہے -

---

**خدا حاضر ناظر ہے یا رسولِ خدا؟** مؤلف و ناشر: چوہدری محمد سرفراز خاں -

پتہ: موضع کالرہ کلاں - ضلع گجرات - ص ۷۲ - قیمت: ۵/- روپے

توحید اساسِ دین اور راس الطاعات ہے۔ ہر صاحبِ ایمان کا فرض ہے کہ وہ توحید کو سمجھنے اور اس سے متعلق سوالات کا حل جاننے کے لیے براہِ راست قرآن و حدیث کی طرف متوجہ ہو، پھر جو رہنمائی وہاں سے ملے اُسے اس طرح قبول کرے کہ اُس سے ٹکرانے والی ہر دعوت اور ہر دلیل کو ردّ کر دے۔ مگر بدقسمتی سے توحید اور اُس سے متعلقہ مسائل فرقہ وارانہ بحثوں کے خراد پر چڑھ کر ایسی انوکھی شکلیں اختیار کر گئے ہیں اور ہر شکلِ خاص کے علمبردار ایسے علما اور صوفیا، مناظرہ پسند اور عوام کے جذبات سے کھیلنے والے واعظ ہیں اور پھر اُن کے ساتھ ایسے پکّے بنے ہوتے جتھے ہیں کہ اختلاف کی بات ہوتی نہیں کہ علم و فکر اور دلیل و برہان کے دفتر بند، اور فتووں اور الزاموں کی توپوں کے دہانے کُھل جاتے ہیں۔

بیچارے چوہدری محمد سرفراز خاں فوقتاً فوقتاً ایسے مسائل پر پمفلٹ تیار کرتے رہتے ہیں اور اُن میں قرآن و حدیث کی بنیادی تعلیمات کے ساتھ عامۃ المسلمین کے معتمد ائمہ سلف اور علمائے حاضرہ کے اقتباسات بھی درج کرتے ہیں۔

عنوانِ بالا کو بھی جتھا بند واعظوں اور مناظروں نے بڑے جھمیلے کا مسئلہ بنا دیا ہے۔ چوہدری صاحب نے اس مسئلے پر قرآن اور حدیث سے رہنمائی فراہم کی ہے، نیز علمائے حق کی آرا بھی جمع کی ہیں، ماننا نہ ماننا الگ چیز ہے۔ لوگوں کو چاہیے کہ ایسی دردمندانہ تحریروں کو غور سے پڑھیں تو سہی۔

---

**فقہ الزکوٰۃ حصہ دوم**

مولف: ڈاکٹر یوسف القرضاوی۔ عربی سے ترجمہ بہ اہتمام ادارہ معارف اسلامی، کراچی۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز ۔ ۲۳ راحت مارکیٹ، اردو بازار، لاہور ۲

اِس کتاب کی جلد اوّل کا تعارف ہم ترجمان القرآن کے کسی گذشتہ شمارے میں کرا چکے ہیں۔ اس مفید علمی و تحقیقی کتاب کی اب دوسری جلد بھی آگئی ہے۔ اب تیسرے حصے کا ہم انتظار کریں گے۔

---